فوری ریلیز کے لیے: 15/8/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے براہ راست معاون پیشہ ور افراد کی مدد کے لیے 10$ ملین کی شراکت کا اعلان کیا

مواقع کو بڑھانے؛ افرادی قوت کو پیشہ ور بنانے کے لیے نیشنل الائنس فار ڈائریکٹ سپورٹ پروفیشنلز کے ساتھ تین سالہ معاہدہ

یہ شراکت داری، نشو نما سے متعلق معذوری کے شعبے میں کارکنان کی جاری قلت کو پورا کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگ، نے نیشنل الائنس فار ڈائریکٹ سپورٹ پروفیشنلز کے ساتھ 10$ ملین کی شراکت داری کی ہے تاکہ پوری ریاست نیویارک میں نشو نما سے متعلق معذوری کے شعبے میں براہ راست معاون پیشہ ور افراد کے لیے پیشہ ورانہ تصدیق کے مواقع کو وسعت دی جاسکے۔ یہ تین سالہ معاہدہ براہ راست معاون پیشہ ور افرادی قوت کو پیشہ ورانہ خطوط پر استوار کرنے اور کارکنان کی قلت کو دور کرنے میں مدد کرے گا۔

"افرادی قوت کی قلت ہمارے براہ راست خدمات کے مخلص پیشہ ور افراد پر بہت دباؤ ڈال رہی ہے اور اس کے جواب میں نیویارک اس اہم شعبے میں پیشہ ورانہ پیشرفت اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "پیشہ ورانہ تصدیق کے عمل کو وسعت دینے کے لیے یہ 10$ ملین کی شراکت داری تربیت، تعلیم اور اضافی بھرتی اور عملے کو جانے سے روکنے کی کوششوں کے لیے مدد فراہم کرنے میں اہم ثابت ہو گی – یہ نشو نما سے متعلق معذوری کا شکار نیویارک کے شہریوں کی ضروریات کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔"

OPWDD کی [نیشنل الائنس](#) کے ساتھ شراکت داری ای بیج اکیڈمی میں شرکت کے ذریعے براہ راست معاون پیشہ ور افراد کی تصدیق اور اس کے فرنٹ لائن سپروائزر سرٹیفکیشن کے تین درجات تک رسائی فراہم کرے گی۔ یہ منصوبہ، وفاقی فنڈز سے معاونت یافتہ ہے جو OPWDD کو امریکن ریسکیو پلان ایکٹ 2021 کے ذریعے حاصل ہو رہے ہیں۔

نیشنل الائنس کی سند قابلیت پر مبنی ہے اور اسے سینٹرز فار میڈیکیڈ اینڈ میڈیکیئر سروسز کی ڈائریکٹ سروس ورک فورس کور کمپیٹنسیز اور نیشنل الائنس کوڈ آف ایتھکس کی طرز پر بنایا گیا ہے۔

1996 میں قائم ہونے والے نیشنل الائنس فار ڈائریکٹ سپورٹ پروفیشنلز کا مشن، براہ راست سپورٹ ورکرز کی حیثیت کو بلند کرنے والی مصنوعات، خدمات اور سرٹیفکیشنز کی فراہمی کے ذریعے معذور افراد کو فراہم کی جانے والی معاونت کے معیار کو بڑھانا ہے۔ یہ تنظیم بامعنی عوامی پالیسی سرمایہ کاریوں کو فروغ دینے کے لیے براہ راست معاون پیشہ ور افراد کی پہچان اور شناخت کو مضبوطی سے فروغ دیتی ہے، ساتھ ہی اس پیشے کے علم، مہارت اور اقدار کو بھی آگے بڑھاتی ہے۔

آنے والے ہفتوں میں نیشنل الائنس اہل گھر اور کمیونٹی میں موجود خدمات فراہم کرنے والی تنظیموں کے لیے گرانٹ میں حصہ لینے اور عملے کے لیے ای بیج اکیڈمی میں نشستوں کا دعوی کرنے کے لیے ریکویسٹ فار پروپوزلز

جاری کرے گا۔ نیشنل الائنس تین سال کے معاہدے کی مدت میں تقریباً 2,442 براہ راست خدمات کے پیشہ ور افراد اور فرنٹ لائن سپروائزرز کو اسناد یا سرٹیفیکیشن فراہم کرے گا۔

یہ منصوبہ شرکت کرنے والے براہ راست خدمات کے پیشہ ور افراد کو بونس فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ، یہ پروجیکٹ آجروں کو ان کے عملے کے تربیت میں صرف ہوئے وقت کا معاوضہ دے گا۔

دفتر برائے نشونمائی معذوری سے متاثرہ افراد کی کمشنر Kerri Neifeld نے کہا، "اس صنعت کے لیے تسلیم شدہ اسناد تک رسائی کو بڑھانا ہماری افرادی قوت کی اہلیت اور مہارتوں میں بہتری لائے گا اور آخر کار افرادی قوت کو برقرار رکھنے کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ یہ ہمارے سرگرم فرنٹ لائن عملے کو، جو نیو یارک کے نشو نما کی معذوری کا شکار افراد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہت زیادہ دباؤ میں انتھک محنت کر رہا ہے، پیشہ ورانہ ترقی اور کیریئر کے مواقع فراہم کرے گا جن کے وہ بہت زیادہ حق دار ہیں۔ اور سب سے اہم بات، اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ نیو یارک کے ہزاروں باشندے جنہیں دیکھ بھال کرنے والے ایسے ماہر، براہ راست خدمات کے پیشہ ور افراد کی ضرورت ہے جو ہر روز ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پہنچیں؛ ان کو اپنی ضرورت کے مطابق وہ خدمات ملیں گی جو انہیں اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور بہترین زندگی گزارنے کے لیے درکار ہیں۔"

نمائندہ Kathleen Rice نے کہا، "براہ راست معاون پیشہ ور افراد مریضوں کو انتہائی لازمی دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں اور نیو یارک کے سب سے زیادہ کمزور لوگوں کو آزاد، بامقصد زندگی گزارنے کا موقع دیتے ہیں، لیکن شاذ و نادر ہی انہیں ان کے کام کی اہمیت کے مطابق تنخواہ، فوائد یا تربیت ملتے ہیں۔ کانگریس میں، میں نے وفاقی حکومت کو اس افرادی قوت کی ضروریات کو سمجھنے اور ان کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لیے براہ راست معاون پیشہ ور افرادکے کردار کو تسلیم کرنے کے ایکٹ کی قیادت کرتی ہوں، اور میں نیویارک میں DSPs کے لیے کیریئر کے مواقع کو بڑھانے اور گھر پر نگہداشت فراہم کرنے والے کارکنان کی کمی کو دور کرنے کے لیے گورنر Hochul کے اقدامات کی شکر گزار ہوں۔"

ریاستی سینیٹر John W. Mannion نے کہا، "براہ راست معاون پیشہ ور افراد کو ہماری مدد کی ضرورت ہے کیونکہ افرادی قوت کا بحران خدمات اور ضروری دیکھ بھال فراہم کرنے کی صلاحیت پر گہرا اثر ڈال رہا ہے۔ تربیت اور اسناد کو بڑھانا DSPs کو پیشہ ورانہ طور پر آگے بڑھنے کی اہلیت فراہم کرے گا جبکہ دیکھ بھال کی معیشت میں نیویارک کے زیادہ ہمدرد لوگوں کو بھرتی کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد کرے گا۔ یہ ہمارے کام کے بوجھ تلے دبے اور غیر منصفانہ طور پر ذمہ داریوں سے پابند DSPs کے لیے کچھ راحت فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گورنر Hochul افرادی قوت کے بحران کو حل کرنے میں شراکت دار رہی ہیں اور میں اس دیرینہ مسئلے کے مزید حل فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

نیشنل الائنس فار ڈائریکٹ سپورٹ پروفیشنلز کے صدر اور چیف ایگزیکٹو افسر Joseph MacBeth نے کہا، "ہمیں لگ بھگ 2500 ڈائریکٹ سروس پروفیشنلز اور فرنٹ لائن سپروائزرز کے لیے ای-بیج اکیڈمی تک رسائی فراہم کرکے براہ راست پیشہ ورانہ اسناد کی اہمیت کا اظہار کرنے کے لیے OPWDD اور نیویارک کی فراہم کنندہ کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے پر فخر ہے۔ افرادی قوت کا بحران ایک دیرینہ اور پیچیدہ مسئلہ ہے جس کے لیے بہت سے شعبوں میں مداخلت کی ضرورت ہے۔ مہارت کے مظاہرے کو تسلیم کرنا اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے براہ راست معاون پیشہ ور افراد اور فرنٹ لائن سپروائزرز کے لیے مالی مراعات فراہم کرنا ایک پیشے کے طور پر پہچانے جانے کی جانب پہلا اہم قدم ہے۔"

نیویارک الائنس فار انکلوژن اینڈ انوویشن کے صدر اور سی ای او Michael Seereiter نے کہا، "نیو یارک الائنس فار انکلوژن اینڈ انوویشن، نیشنل الائنس فار ڈائریکٹ سپورٹ پروفیشنلز کو OPWDD کے ساتھ مل کر براہ راست معاون پیشہ ور افراد کے لیے ایک بھرپور اسنادی پروگرام کا انعقاد کرنے کے لیے کام کرنے پر سراہتا ہے کہ براہ راست خدمت کے پیشہ ور افراد کو سرٹیفکیشن حاصل کرکے اپنے علم، اقدار اور مہارتوں کو آگے بڑھانے کا موقع مل سکے۔ یہ کیریئر کی سیڑھی کا راستہ پیش کرتا ہے اور DSP کی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ DSP کی

افرادی قوت کی کمی کو دور کرنے میں مدد کرتا ہے تاکہ ذہنی اور ترقیاتی معذوری والے افراد کے لیے معیاری معاونت اور خدمات کی فراہمی جاری رکھی جاسکے۔"

یہ کاوش وفاقی CMS کی طرف سے دیے گئے COVID-19 ریلیف فنڈز کا استعمال کرتے ہوئے OPWDD سروس سسٹم کے اہم پہلوؤں کو بڑھانے، بہتر بنانے اور تبدیل کرنے کی ایک بڑی کوشش کا حصہ ہے۔ ان فنڈز کا ہدف، OPWDD پروگراموں کی ایک وسیع رینج میں مخصوص سرگرمیاں ہیں اور یہ اہم چیلنجز سے نمٹنے کا بروقت موقع فراہم کرتے ہیں۔

OPWDD کے اپنے تمام ARPA فنڈز کے منصوبے یہاں https://opwdd.ny.gov/american-rescue-plan-act-arpa پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418